اسلامیات (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	2019ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A' B' C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- حضرت اسماءؓ بنت عمیس کے شوہر کا نام تھا:

(a) زیدؓ (b) ولید

(c) جعفرؓ ✓ (d) قاسم

2- صحیح بخاری کے مؤلف کا نام ہے:

(a) محمد بن عیسیٰ (b) محمد بن یزید

(c) محمد بن اسماعیل ✓ (d) احمد بن علی

3- قرآنِ مجید میں ہے عدل کرو یہی بات زیادہ نزدیک ہے:

(a) احسان کے (b) تقویٰ کے ✓

(c) جنت کے (d) فطرت کے

4- رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم مسلمانوں کے ساتھ خندق کھودنے میں شریک رہے:

(a) بدر میں (b) احزاب میں ✓

(c) تبوک میں (d) حنین میں

5- عقیدۂ ختمِ نبوت ثابت ہے قرآن' حدیث اور:

(a) اجماعِ اُمت سے ✓ (b) اجتہاد سے

(c) قیاس سے (d) فقہ کی رُو سے

6- منافق کی اقسام ہیں:

(a) دو ✓ (b) تین

(c) چار (d) پانچ

7- شرک کی اقسام ہیں:

(a) دو (b) چار

(c) تین ✓ (d) پانچ

8- قرآنِ مجید کی سب سے چھوٹی سورت ہے:

(a) اخلاص (b) الکوثر ✓

(c) البقرہ (d) النصر

9- آیت کے معنی ہیں:

(a) وحی (b) خطاب

(c) نشانی ✓ (d) بلندی

10- قرآنِ مجید میں بہت بڑا ظلم کہا گیا ہے:

(a) چوری کو (b) شرک کو ✓

(c) منافقت کو (d) قتل کو